۹۴ صفحات قیمت قسم اول ایک روپیہ و قسم دوم ۱۲ ؍ پتہ منشی محمد حسن الدین صاحب کی کمان کاروان ساہو حیدر آباد دکن۔

مولانا ابوالبرکات شاہ سید غلام محمد صاحب زعیم القادری حیدر آباد کے ایک مشہور صاحب حال و قال بزرگ تھے ۱۳۶۱ھ میں آپ نے وفات پائی۔ اس کتاب میں مختلف اصحاب کے قلم سے نظم و نثر کے متعدد چھوٹے چھوٹے مضامین ہیں جن میں شاہ صاحب کے حالات و سوانح اور آپ کے دینی و روحانی کمالات و اوصاف پر روشنی ڈالی گئی ہے اور آپ کے گنبد اور خانقاہ او تقاریب عرس و صندل سے متعلق کتبے اور تحریریں جمع کی گئی ہیں شجرہ دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مولانا ابوالبرکات صاحب کا باطنی سلسلہ حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی سے منسلک ہے اور آپ اس واسطہ سے چشتیہ نظام کے ایک گوہر آبدار تھے۔ اس سلسلہ کے وابستہ حضرات کے لئے اس کا مطالعہ دلچسپی اور افادہ کا باعث ہوگا۔

خزینۃ الاسرار از جناب قاری محمد حنیف صاحب تقطیع خورد ضخامت ۱۶۰ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت ۸؍ پتہ:- ادارہ تاج کمپنی محلہ اسلام پورہ مظفر نگر (یوپی)

اس کتاب میں جناب مولف نے حروف تہجی کی ترتیب کے ماتحت ان نقوش و عملیات کو بیان کیا ہے جو خود ان کے بیان کے مطابق پندرہ سال سے خود ان کے یا ان کے احباب کے مختلف بیماریوں اور ضرورتوں کے لئے آزمودہ اور مجرب ہیں جن اصحاب کو ان چیزوں کا ذوق ہو ان کے مطالعہ کے لائق ہے۔ یہاں اپنا حال تو یہ ہے
رہین منت سحر و عمل ہرگز نخواہم شد مگر از جذب الفت باشد آں کا فر مطیع من

رسول مقبول از جناب منظر علیسری تقطیع خورد ضخامت تقریباً سو صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت ۸؍ پتہ (۱) سنگم کتاب گھر اردو بازار۔ دہلی